21418-ہارمون کا انجیکشن لگے ہوئے پھل تناول کرنا

سوال

ان آخری ایام میں کچھ پھل اور سبزیاں آئی ہیں جنہیں مذکر اور مؤنث ہارمون کا انجیکشن دیا جاتا ہے، ہوسکتا ہے جب لوگ اسے کھائیں تو یہ ان کے لیے صحیح نہ ہو، اور ممکن ہے مذکر اور مؤنث ہارمون میں زیادتی کا باعث بنیں، جبکہ یہ حرام ہوں، میری گزارش ہے کہ اس کے متعلق وضاحت فرمائیں ؟

پسندیدہ جواب

صحت کے لیے مضر چیز کا تناول کرنا
شرعا حرام ہے اگرچہ اصل میں طیب چیز مباح ہے، لہذا جب یہ ثابت ہوجائے کہ یہ ہارمون
صحت کے لیے مضر ہیں تو پھر ان کھانوں کو تناول کرنا جائز نہیں، لیکن یہ ضرر اور
نقصان ثابت ہونا ضروری ہے، صرف شک کی بنا پر نہیں، کیونکہ اس میں اصل حلت ہے.